آرتھرائٹس کے مریضوں کے لئے معلوماتی کتابچہ

جوڑوں کے درد کے لئے ٹیکے:

LOCAL STEROID INJECTIONS:

اگر آپ کو جوڑوں کی سوجن ہے یا جوڑوں کے قریب درد یا سوزش ہو تو آپ کا ڈاکٹر STEROID کے ٹیکے متاثرہ حصے پر لگا سکتا ہے۔ اسے لوکل (LOCAL) ٹیکہ اس لئے کہتے ہیں چونکہ یہ صرف اُسی جگہ پر اثر کرتا ہے۔

*جوڑ کے اندر ٹیکہ لگانے کو انٹرا آرٹیکلر ٹیکہ (INTRA-ARTICULAR)

*جوڑوں کے قریب ٹیکہ لگانے کو پیری آرٹیکلر ٹیکہ (PERI-ARTICULAR) کہتے ہیں

یا (SOFT TISSUE) ٹیکہ کہتے ہیں۔

بعض اوقات آپ کا ڈاکٹر STEROID کے ساتھ اُسی جگہ پر مقامی حصے کو سُن کرنے کے لئے ٹیکہ بھی لگائے گا۔

مجھے یہ LOCAL STEROID کیوں دیئے جارہے ہیں؟

INTRA-ARTICULAR ٹیکہ جوڑ کے اندر سوجن، سوزش اور درد کم کرنے کے لئے دیا جاتا ہے۔ PERI-ARTICULAR ٹیکہ جوڑ کے قریب درد اور سوجن کم کرنے کے لئے دیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ کو TENNIS ELBOW کا مسئلہ ہو تو آپ کا ڈاکٹر جس جگہ درد ہو وہاں ٹیکہ لگا سکتا ہے۔

یہ ٹیکہ اثر کرنے میں کتنا وقت لے گا اور اس کا اثر کتنی دیر رہے گا؟

مختلف لوگوں پر اثر مختلف ہوتا ہے لیکن ایک دو دن میں بہتری محسوس ہوتی ہے۔ اگر یہ فائدہ مند ہو تو اثر کچھ ہفتوں سے کچھ مہینے تک رہتا ہے۔

کیا مجھے ٹیکہ کے بعد آرام کرنے کی ضرورت ہے؟

INTRA-ARTICULAR ٹیکہ کے بعد ایک دو دن تک جس بازو یا ٹانگ پر ٹیکہ لگا ہو تو اُسے آرام دینا چاہیے۔

مضر اثرات کیا ہو سکتے ہیں؟

مضر اثرات عام نہیں۔ بعض اوقات ٹیکہ لگانے کے چوبیس گھنٹوں کے اندر جوڑ میں درد شروع ہو سکتا ہے۔ یہ عام طور پر اگلے دو دن میں خود بخود معمول پر آجاتا ہے۔ شاذ و نادر۔ جب جوڑ میں ٹیکہ لگایا جائے تو وہاں انفیکشن کا خطرہ ہوتا ہے اس لئے اگر جوڑ میں زیادہ درد ہو اور گرم ہو تو اپنے ڈاکٹر سے فوراً رابطہ کریں۔

کبھی کبھار جوڑوں کے قریب ٹیکہ یعنی PERI-ARTICULAR ٹیکہ سے جلد کا رنگ اُڑ سکتا ہے یا جلد پتلی ہو سکتی ہے متاثرہ جگہ پر STEROID کے ٹیکے سے ماہواری بھی متاثر ہو سکتی ہے۔

مزید معلومات کہاں سے حاصل کروں؟

اگر آپ کو STEROID کے ٹیکے کے متعلق مزید معلومات چاہیئے یا کسی بات پر تشویش ہو تو اپنے ڈاکٹر یا ریماٹولوجی (جوڑوں کے درد کی ماہر نرس سے رابطہ کریں۔

تمام دوائیں بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں